www.KitaboSunnat.com

من مصائد الشیطان ملاؐ)

ذکر سے مراد اصل میں "استحضار" ہے (مفردات) یعنی زندگی کے شب و روز میں خدا یا د رہے، بے خدا زندگی کے بجائے "با خدا" زندگی گزاری جائے۔

اور جن روایات میں "حلق الذکر" کا ذکر آتا ہے ان سے مراد بھی یہ مصنوعی مجلسیں نہیں ہیں بلکہ وہ اجتماع ہیں جو محض احقاقِ حق، امتثالِ حق اور غلبۂ حق کے لیے وقتاً فوقتاً اور حسبِ ضرورت منعقد ہوتے رہتے ہیں۔

مصنوعی مجالسِ ذکر کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ عوام اجتماعی جدوجہد سے محروم رہتے ہیں اور احقاقِ حق کے لیے میدانِ کارزار جو گرم ہوتے ہیں ان سے عموماً الگ تھلگ رہتے ہیں کیونکہ صرف ان "لسانی اذکار" سے وہ مطلوب انقلاب برپا نہیں ہوتا جس کو برپا کرنا ان کے ایمانی فرائض میں ہوتا ہے۔ پوری زندگی با خدا گزارنا اصلی ذکر اللہ ہے۔ مگر اب اسے محدود کیا جا رہا ہے۔

اس کے علاوہ زندگی کے باقی شئون، حالات اور مظاہر میں "یادِ خدا" کا التزام عموماً کم باقی رہ جاتا ہے، اس لیے ان اذکار کے بعد ان کی زندگی میں اُدْخُلُوْا فِی السِّلْمِ کَآفَّۃً کا رنگ عموماً پھیکا رہتا ہے مگر انھیں اس کا احساس کم ہوتا ہے، یہی وجہ ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعو رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان مجالسِ ذکر کو نہایت سختی سے دبا دیا تھا (دارمی) اور یہ وہ باتیں ہیں جو پیر صاحب ہم سے بہتر جانتے ہیں۔

اس کے یہ معنی نہیں کہ "لسانی ذکر" کا وجود نہیں ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ یہ ذکر فنی مجالس ذکر کا نام نہیں ہے۔ اور یقیناً نہیں ہے۔ شریعت نے عبادت کی جو اجتماعی صورتیں متعین کی ہیں وہ بھی حلق الذکر سے تعلق رکھتی ہیں اور دوسرے وہ دینی کام جو اجتماعی طور پر کرنا پڑتے ہیں وہ بھی حلق الذکر ہیں۔

پیر دستگیر موصوف دوسرے انداز میں جو دینی خدمات انجام دے رہے ہیں وہ ان شاء اللہ تعالیٰ ان کے رفع درجات اور مغفرت کے لیے کافی ہیں، اگر وہ ان "فنی ذکر" کی محفلیں منعقد کرنے کا اہتمام نہ بھی کریں تو بھی ان شاء اللہ ان سے باز پرس نہ ہو گی۔

اس موضوع پر تفصیلی بحث ہو سکتی ہے لیکن فتوے جیسا مقام اس کا متحمل نہیں ہے۔

۲۔ اقسامِ گناہ۔ قرآن حکیم نے گناہوں، خطاؤں اور لغزشوں کے سلسلے میں مختلف اصطلاحات

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ